## خودکش حملے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے، الطاف حسین
## بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں
## صوبہ سرحد کے شہر کرک میں پولیس اسٹیشن پر خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت

لندن۔۔۔27، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ سرحد کے شہر کرک میں پولیس اسٹیشن پر خودکش حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور خودکش حملے میں متعدد افراد کے شہید وزخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کرک میں خودکش حملہ کو کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ خودکش حملے پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کی سازش ہے اور اپنے گھناؤنے عزائم کی تکمیل کیلئے بے گناہ شہریوں کو خاک وخون میں نہلانے والے درندہ صفت دہشت گرد انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کرک پولیس اسٹیشن پر خودکش حملے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین قانونی کارروائی کی جائے اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے مزید ٹھوس اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔ جناب الطاف حسین نے خودکش حملے میں شہید ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اور خودکش حملہ میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## فیصل آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان میں جشن عید میلادالنبیؐ کے جلوس پر مسلح افراد کی فائرنگ اور ہنگامہ آرائی پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت
## فیصل آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان کے عوام سے سرکار دوعالمﷺ کے نام پر اپیل کرتا ہوں کہ وہ یوم ولادت رسولؐ کا احترام کرتے ہوئے پرامن رہیں اور ہنگامہ آرائی سے گریز کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔27، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب کے شہر فیصل آباد اور صوبہ سرحد کے شہر ڈیرہ اسماعیل خان میں جشن عید میلادالنبیؐ کے جلوس پر مسلح افراد کی فائرنگ اور ہنگامہ آرائی کی شدید مذمت کی ہے اور فیصل آباد اور ڈیرہ اسماعیل خان کے عوام سے سرکار دوعالمﷺ کے نام پر اپیل کی ہے کہ وہ پرامن رہیں اور 12 ربیع الاول کے مبارک دن کا احترام کریں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج امام الانبیا سرکار دوعالم حضرت محمد مصطفیٰؐ کا جشن ولادت ہے اور ہر مسلمان کیلئے یہ دن انتہائی مبارک اور قابل احترام ہے اور اس مبارک دن کے موقع پر ہنگامہ آرائی کا ہونا انتہائی قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ جناب الطاف حسین نے ڈیرہ اسماعیل خان خصوصاً فیصل آباد کے عوام سے اپیل کی کہ وہ یوم ولادت رسولؐ کا احترام کرتے ہوئے پرامن رہیں اور ہنگامہ آرائی سے گریز کریں۔

## نیوز ون کی ٹیم پر تشدد کے بعد ایف آئی آر درج کرنے کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی

اسلام آباد۔۔۔27، فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گزشتہ ہفتے راولپنڈی میں کوریج کیلئے بینظیر اسپتال جانیوالی نیوز ون چینل کی ٹیم پر کی اسپتال انتظامیہ کی جانب سے تشدد کے افسوسناک واقعہ کے بعد اینکر رانا مبشر اور میڈیا ٹیم کیخلاف ایف آئی آر درج کرنے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور اسے آزادی صحافت کے منافی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ صحافی برادری معاشرے کا اہم حصہ ہے جو معاشرے کی اچھائیوں اور برائیوں کو عوام کے سامنے بے نقاب کر رہی ہے تاہم اسلام آباد میں بینظیر اسپتال کی انتظامیہ کی جانب سے کوریج کیلئے جانیوالی صحافیوں کی ٹیم پر تشدد اور مقدمہ درج کرنے کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اور آزادی صحافت پر قدغن لگانے کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ میڈیا ٹیم کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے اور ان کیخلاف مقدمہ درج کرنے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اینکر رانا مبشر سمیت نیوز ون ٹی وی چینل کی میڈیا ٹیم کے خلاف مقدمہ واپس لیا جائے۔

## ایم کیوایم کے کارکن محمد ابراہیم،محمد عثمان عباسی اور محمد اویس عباسی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔27فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 155 کے کارکن محمد ابراہیم اور ٹریفک کے خوفناک حادثے میں جاں بحق ہونیوالے ایم کیوایم ٹنڈوالہیار زون یونٹB-1 کے کارکنان محمد عثمان عباسی اور محمد اویس عباسی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان دکھ کی اس گھڑی میں آپکے غم میں برابر کا شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکن محمد ابراہیم،محمد عثمان عباسی،محمد اویس عباسی اور سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔27فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 155 کے کارکن محمد ابراہیم،ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹB-1 کے کارکنان محمد عثمان عباسی،محمد اویس عباسی،ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 119 کے کارکن محمد شمیم کی والدہ محترمہ فاطمہ بیگم،ایم کیوایم ٹنڈوالہ یار زون یونٹB-1 کے کارکن علی رضا کے چھوٹے بھائی عبدالقادر،ایم کیوایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67/C کے کارکن محمد کاشف کے بھائی محمد راشد اور ایم کیوایم اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 121 کے کارکن اکبر علی کی ہمشیرہ منّی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے تحت برمنگھم میں رکنیت سازی مہم

## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے ممبر شپ فارم پر کئے

## الطاف حسین پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں،سلیم شہزاد

## ایم کیوایم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے،ڈاکٹر سلیم دانش

برمنگھم۔۔۔26،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے زیر اہتمام مقامی ہال میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد،برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش،جوائنٹ آرگنائزر عظمت بیگ،آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان،برمنگھم یونٹ کمیٹی کے انچارج انیس الرحمان،یونٹ کمیٹی کے ارکان،یونٹ کے کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر برطانیہ میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں،نوجوانوں اور خواتین نے ممبر شپ فارم پر کئے اور ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔قبل ازیں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین پاکستان کو درپیش موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اور انشاءاللہ ایم کیوایم،پاکستان کو موجودہ بحرانوں سے نکال کر ترقی وخوشحالی کی راہ پر گامزن کرے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کو انتہائی نازک صورتحال کا سامنا ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان کے سیاسی ومذہبی رہنماء اپنے اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر اتحاد ویکجہتی کا مظاہرہ کریں اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کیلئے متحدہ جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائز حقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ایوانوں میں پہنچایا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کی لہر پیدا کردی ہے اور اب ملک بھر کے عوام کو چاہئے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔

## بلوچستان ضلع بولان کے نوجوانوں اور بزرگوں کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## ضلع بولان میں بھی الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی پھیل رہی ہے، بولان کے ضلعی آرگنائزر مشتاق احمد کلواڑ

ضلع بولان۔۔۔27،فروری2010ء

بلوچستان کے ضلع بولان سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے مظلوم عوام کے حقوق کے حصول کیلئے جاری عملی جدوجہد کا خیر مقدم کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کیا ہے۔ یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم ضلع بولان آفس میں منعقدہ اجلاس میں ایم کیوایم ضلع بولان کے آرگنائزر مشتاق احمد کلواڑ سے ملاقات میں کیا۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے پر عمل پیرا ہوکر ہی ملک وقوم کو صحیح سمت فراہم کی جاسکتی ہے اور ایم کیوایم کے فکر و فلسفہ اور نظریئے نے ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کا عمل شروع کردیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ آج ہم بھی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کررہے ہیں۔اس موقع پر ایم کیوایم ضلع بولان کے ضلعی آرگنائزر مشتاق احمد کلواڑ نے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے نوجوانوں اور بزرگوں کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بولان میں بھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی پھیل رہی ہے اور انشاءاللہ ایم کیوایم ملک بھر کے مظلوم عوام کو ایک پرچم تلے متحد و منظّم کرکے جلد ہی مظلوموں کے حقوق کا حصول یقینی بنائے گی۔

☆☆☆☆☆